# Interloop Limited

## POSTAL BALLOT PAPER

For voting through post for the Special Business at the Annual General Meeting to be held on Friday, October 13, 2023, at 10:00 a.m. at Interloop Executive Club, 7-Km, Khurrianwala-Jaranwala Road, Khurrianwala, Faisalabad.
**Phone:** +92-41-4360400 **Website:** www.interloop-pk.com **Email:** general.meetings@interloop.com.pk

| | |
|---|---|
| **Folio / CDS Account Number** | |
| **Name of Shareholder / Proxy Holder** | |
| **Registered Address** | |
| **Number of shares Held** | |
| **CNIC/Passport No. (in case of foreigner) (copy to be attached)** | |
| **Additional information and enclosures (in case of representative of corporate body, corporation, and federal Government)** | |
| **Name of Authorized Signatory** | |
| **CNIC/Passport No. (in case of foreigner) of Authorized Signatory (copy to be attached)** | |

### Resolution For Agenda Item No. 7

To consider and if thought fit, to pass with or without modification(s), special resolution in terms of Section 85 of the Companies Act, 2017, to authorize the Company to increase the Authorized Share Capital of Interloop Limited, and to make the necessary amendments to the Memorandum of Association of the Company, subject to the other requisite approvals, if any:

**RESOLVED THAT** the Authorized Share Capital of the Company, be and is hereby increased from Rs. 15,000,000,000 (Rupees Fifteen Billion only) divided into 1,500,000,000 (One Billion Five Hundred Million) ordinary shares of Rs. 10 (Rupees Ten) each to Rs. 50,000,000,000 (Rupees Fifty Billion only) divided into 5,000,000,000 (Five Billion) ordinary shares of Rs. 10 (Rupees Ten) each, ranking pari passu in every respect with the existing ordinary shares of the Company.

**FURTHER RESOLVED THAT** in consequence of the said increase in the Authorized Share Capital of the Company, the existing Clause V of the Memorandum of Association (MOA) of the Company, be and is hereby replaced accordingly, subject to any modifications as may be required by the Securities and Exchange Commission of Pakistan and the fulfilment of all formalities / procedures required under the applicable laws, by revising the following Clause V, to read as follows;

**Clause V of the Memorandum of Association:**

"The Authorized Capital of the Company is Rs. 50,000,000,000/- (Rupees Fifty Billion only) divided into 5,000,000,000 (Five Billion) Ordinary Shares of Rs.10/- (Rupees Ten) each, with attached thereto respectively such preferential, deferred, qualified or special rights, privileges and conditions as provided in the Articles of Association of the Company, or in accordance with the Companies Act, 2017, and to vary, modify or abrogate such rights, privileges and conditions, in such manner as may be permitted by the Companies Act, 2017 and to increase and/or reduce the capital and to divide shares in the capital into several kinds and classes and to consolidate or subdivide the shares and to issue shares for higher or lower denominations."

**FURTHER RESOLVED THAT** Mr. Navid Fazil, Chief Executive Officer and Mr. Rana Ali Raza, Company Secretary, be and are hereby authorized to do all acts, deeds and things, take any or all necessary actions to complete all legal formalities and file all necessary documents as may be necessary or incidental for the purpose of implementing the aforesaid resolutions, as well as to carry out any other act or step which may be ancillary and/or incidental to do the above and necessary to fully achieve the object of the aforesaid resolutions.

### Resolution For Agenda Item No. 8

To consider and if deemed fit, to pass the following resolution as a special resolution, to alter the provisions of Articles of Association of the Company relating to the capitalization of reserves, with or without modification(s), addition(s) or deletion(s), as recommended by the Board of Directors, subject to the requisite approvals, if any:

**RESOLVED THAT** approval of members of the Company, be and is hereby accorded that the Board of Directors of the Company may resolve that it is desirable to capitalize any part of the amount for the time being standing to the credit of any of the Company's reserve accounts or to the credit of the profit and loss account or otherwise available for distribution, and accordingly that such sum be set free for distribution amongst the members who would have been entitled thereto if distributed by way of dividend and in the same proportions on condition that the same be not paid in cash but be applied in or towards paying up in full unissued shares as bonus shares or debentures of the Company to be allotted and distributed as fully paid up to and amongst such members in the proportion aforesaid and the directors shall give effect to such resolution.

**FURTHER RESOLVED THAT** whenever such a resolution aforesaid shall have been passed by the Board of Directors of the Company, the Directors are authorized to make all appropriations and applications of the undivided profits resolved to be capitalized thereby, and all allotments and issue of fully paid shares or debentures, if any, and generally shall do all acts and things required to give effects thereto.

**FURTHER RESOLVED THAT** in consequence of aforesaid authorizations to the Board of Directors of the Company, the existing Article 129 of the Articles of Association of the Company, be and is hereby substituted as 129A & 129B respectively, to read as follows:

**Article 129A of Articles of Association:**

"The Board of Directors of the Company may resolve that it is desirable to capitalize any part of the amount for the time being standing to the credit of any of the Company's reserve accounts or to the credit of the profit and loss account or otherwise available for distribution, and accordingly that such sum be set free for distribution amongst the members who would have been entitled thereto if distributed by way of dividend and in the same proportions on condition that the same be not paid in cash but be applied in or towards paying up in full unissued shares as bonus shares or debentures of the Company to be allotted and distributed as fully paid up to and amongst such members in the proportion aforesaid and the directors shall give effect to such resolution."

**Article 129B of Articles of Association:**

"Whenever such a resolution aforesaid shall have been passed by the Board of Directors of the Company, the Directors are authorized to make all appropriations and applications of the undivided profits resolved to be capitalized thereby, and all allotments and issue of fully paid shares or debentures, if any, and generally shall do all acts and things required to give effects thereto."

**FURTHER RESOLVED THAT** Mr. Navid Fazil, Chief Executive Officer and Mr. Rana Ali Raza, Company Secretary, be and are hereby authorized to do all acts, deeds and things, take any or all necessary actions to complete all legal formalities and file all necessary documents as may be necessary or incidental for the purpose of implementing the aforesaid resolutions, as well as carry out any other act or step which may be ancillary and/or incidental to do the above and necessary to fully achieve the object of the aforesaid resolutions.

### Resolution For Agenda Item No. 9

To consider and, if deemed fit, to pass with or without modification(s), addition(s) or deletion(s), the following resolution, as a special resolution, to enable and authorize the Company, to circulate the Annual Report (including the Audited Financial Statements, Auditor's Report, Directors' Report, Chairman's Review Report) to the members of the Company through QR enabled code and weblink, in accordance with Section 223(6) of the Companies Act, 2017 read with S.R.O. 389(I)/2023 dated March 21, 2023.

**RESOLVED THAT** the Company be and is hereby authorized to circulate its Annual Report, including the Annual Audited Financial Statements, Auditor's Report, Directors' Report, Chairman's Review Report and other reports contained therein, to the members of the Company through QR enabled code and weblink, in accordance with S.R.O. 389(I)/2023 issued by the Securities and Exchange Commission of Pakistan, and that the practice of circulation of the Annual Report through CD / USB, be discontinued.

**FURTHER RESOLVED THAT** Mr. Navid Fazil, Chief Executive Officer and Mr. Rana Ali Raza, Company Secretary, be and are hereby authorized to do all acts, deeds and things, take any or all necessary actions to complete all legal formalities and file all necessary documents as may be necessary or incidental for the purpose of implementing the aforesaid resolutions, as well as to carry out any other act or step which may be ancillary and/or incidental to do the above and necessary to fully achieve the object of the aforesaid resolutions.

### Resolution For Agenda Item No. 10

To consider and if thought fit, to pass, with or without modification, the following resolution as a special resolution, to amend the Interloop Limited Employees Stock Option Scheme, 2016 (ESOS):

**RESOLVED THAT** subject to all requisite approvals, if any, the clause 10 of the approved ESOS, be and is hereby amended by inserting the following new sub-clause:

"10.2. Save as herein provided, owing to dismal market conditions and in case, the exercise price is not favorable and attractive, the Board of Directors of the Company shall be authorized to reprice all the options granted and vested up to -10% of the last day closing market price of the day of decision to allot."

**FURTHER RESOLVED THAT** the amended Interloop Limited Employees Stock Option Scheme, 2016 incorporating the aforesaid amendment, be and is hereby approved.

**FURTHER RESOLVED THAT** Mr. Navid Fazil, Chief Executive Officer and Mr. Rana Ali Raza, Company Secretary, be and are hereby authorized to do all acts, deeds and things, take any or all necessary actions to complete all legal formalities and file all necessary documents as may be necessary or incidental for the purpose of implementing the aforesaid resolutions, as well as to carry out any other act or step which may be ancillary and/or incidental to do the above and necessary to fully achieve the object of the aforesaid resolutions.

### Resolution For Agenda Item No. 11

To consider and if deemed fit to pass, with or without modification(s), addition(s) or deletion(s), the following resolution as an ordinary resolution:

**RESOLVED THAT** subject to the procurement of all applicable regulatory and corporate approvals, as may be required, approval of the members of the Company, be and is hereby accorded, to make a long term equity investment for the acquisition of 64% equity stake in the Target Company i.e., Top Circle Hosiery Mills Co., Inc. (Top), USA, which is incorporated under the laws of the United States of America, where it is registered, on the terms and conditions, as may be mutually agreed between the both parties.

**FURTHER RESOLVED THAT** for such purposes, the Board of Directors of the Company are being authorized including their delegates/agents and/or the legal counsel to do all acts, matters, deeds and things, take any or all necessary actions including signing and execution of agreement(s) including but not limited to the Share Purchase Agreements, Shareholders Agreements ("Agreements") and any other documents, required by the applicable law of both the Countries as per their specific formats and as approved by the regulatory authorities, to complete all legal formalities, as may be necessary or expedient for the purpose of implementing the aforesaid resolutions and in the best interest of the Company and its shareholders.

**FURTHER RESOLVED THAT** the Board of Directors of the Company are being further authorized including the Chief Executive Officer of the Company and their delegates/agents and/or the legal counsel, to do all things necessary or incidental, to give effect to the Agreements and/or to execute and deliver, on behalf of the Company, any and all documents and agreements necessary or desirable to effectuate the Agreements and the acquisition and any filings or submissions required by the regulatory authorities of both Countries and to complete the acquisition, including but not limited to the negotiation of the terms of the Agreements and/or to amend, modify, or make any changes to the Agreements, provided that such amendments, modifications, or changes are in the best interests of the Company and its shareholders.

### Resolution For Agenda Item No. 12

To consider and, if thought fit, to approve the following resolution as a special resolution, in accordance with Sections 207 and/or 208 (as applicable) of the Companies Act, 2017, with or without modification(s):

**RESOLVED THAT** pursuant to the provisions of Sections 207 and 208 of the Companies Act, 2017, approval of the members of the Company, be and is hereby accorded that the Board of Directors of the Company, may enter into an Asset Purchase Agreement (APA) with M/s. Socks & Socks (Private) Limited, a wholly owned subsidiary of Interloop Holdings (Private) Limited (Interloop's Associate), to purchase its production plant including machinery and land & building and other fixed assets, subject to the approval of all relevant regulatory authorities.

**FURTHER RESOLVED THAT** Mr. Navid Fazil, Chief Executive Officer and Mr. Rana Ali Raza, Company Secretary, be and are hereby, jointly and / or severally, authorized and empowered to take all steps necessary, ancillary and incidental for the purchase of assets, but not limited to, obtaining all requisite regulatory approvals, engaging legal advisor(s) and other consultants for the purposes of the above, filing of the requisite application(s), statutory forms and all other documents as may be required to be filed with SECP and any other authority, submitting all such documents as may be required, executing all necessary agreements, deeds and documents for the acquisition of the assets and registration thereof (to the extent applicable), and all other matters incidental or ancillary thereto.

**FURTHER RESOLVED THAT** in case any error, omission or mistake is pointed by SECP and / or any other competent authority or that the SECP and / or any competent authority require any amendments, modifications, additions or deletions in the aforesaid resolution(s), the Chief Executive Officer and /or Company Secretary, be and are hereby jointly and severally authorized to make such amendment, modification, addition or deletion, as may be required without requiring the approval of the members.

### Resolution For Agenda Item No. 13

To consider and if deemed fit, ratify and approve (as the case may be), the following resolution, as a special resolution, with respect to the Related Party Transactions / arrangements conducted / to be conducted, in terms of Sections 207 and / or 208 of the Companies Act, 2017 (to the extent applicable), with or without modification(s):

**RESOLVED THAT** the transactions carried out by the Company with the Related Parties, during the year ended June 30, 2023, as disclosed in note 43 of the Audited Financial Statements of the Company for the said period, be and are hereby ratified and confirmed.

**FURTHER RESOLVED THAT** the Company be and is hereby authorized to enter into arrangements or carry out transactions from time to time including, but not limited to, for the purchase and sale of goods, commodities and materials including rendering of services or share subscription, with the Related Parties to the extent deemed fit and/or approved by the Board of Directors, during the financial year ending June 30, 2024. The members have noted that for the aforesaid arrangements and transactions some or a majority of the Directors may be interested. Notwithstanding the same, the members hereby grant an advance authorization and approval to the Board Audit Committee and the Board of Directors of the Company, including under Sections 207 and/or 208 of the Companies Act, 2017 (to the extent applicable) to review and approve all the Related Party Transactions approved by the Board of Directors from time to time.

**FURTHER RESOLVED THAT** the Related Party Transactions, for the period ending on June 30, 2024, shall be deemed to have been approved by the members, and shall subsequently be placed before the members in the subsequent Annual General Meeting for ratification and confirmation, if required.

## Instructions For Poll

1. Please indicate your vote by ticking (√) the relevant box.
2. In case if both the boxes are marked as (√), your poll shall be treated as "**Rejected**"

I/we hereby exercise my/our vote in respect of the above resolution through ballot by conveying my/our assent or dissent to the resolution by placing tick (√) mark in the appropriate box below;

| Resolutions | No. of ordinary shares for which votes cast | I/We assent to the Resolution (FOR) | I/We dissent to the Resolution (AGAINST) |
|---|---|---|---|
| **Resolution For Agenda Item No. 7** | | | |
| **Resolution For Agenda Item No. 8** | | | |
| **Resolution For Agenda Item No. 9** | | | |
| **Resolution For Agenda Item No. 10** | | | |
| **Resolution For Agenda Item No. 11** | | | |
| **Resolution For Agenda Item No. 12** | | | |
| **Resolution For Agenda Item No. 13** | | | |

## Notes:-

1. Dully filled ballot paper should be sent to the Chairman of Interloop Limited at Al-Sadiq plaza, P-157 Railway Road, Faisalabad or e-mail at general.meetings@interloop.com.pk
2. Copy of CNIC/ Passport (in case of foreigner) should be enclosed with the postal ballot form.
3. Ballot paper should reach the Chairman within business hours by or before **Thursday, October 12, 2023**. Any postal Ballot received after this date, will not be considered for voting.
4. Signature on ballot paper should match with signature on CNIC/ Passport. (In case of foreigner).
5. Incomplete, unsigned, incorrect, defaced, torn, mutilated, over written poll paper will be rejected.
6. In case of a representative of a corporate body, corporation or Federal Government, the Ballot Paper Form must be accompanied by a copy of the CNIC of an authorized person, an attested copy of Board Resolution, / Power of Attorney, / Authorization Letter etc., in accordance with Section(s) 138 or 139 of the Companies Act, 2017 as applicable. In the case of foreign corporate body etc., all documents must be attested by the Counsel General of Pakistan having jurisdiction over the member.
7. Ballot Paper form has also been placed on the website of the Company at: www.interloop-pk.com Members may download the Ballot paper from the website or use an original/photocopy published in newspapers.

**Signature of Shareholder(s) / Authorized Signatory**
**(In case of corporate entity, please affix company stamp)**

**Date:** ____________

**Place:** _______________

# انٹرلوپ لمیٹڈ

## پوسٹل بیلٹ پیپر

جمعہ 13 اکتوبر، 2023 کو صبح 10:00 بجے انٹرلوپ ایگزیکٹو کلب، 7-Km، کھڑیانوالہ - جڑانوالہ روڈ، کھڑیانوالہ، فیصل آباد میں منعقد ہونے والے سالانہ اجلاس عام میں برائے خصوصی کارروائی بذریعہ ڈاک ووٹ دینے کے لیے:

فون: +92-41-4360400 Email: general.meetings@interloop.com.pk Website: www.interloop-pk.com

| | |
|---|---|
| فولیو/CDS اکاؤنٹ نمبر | |
| شیئر ہولڈر/پراکسی ہولڈر کا نام | |
| رجسٹرڈ پتہ | |
| ملکیت میں شیئرز | |
| CNIC/پاسپورٹ نمبر (غیر ملکی کی صورت میں) (کاپی منسلک کی جائے) | |
| اضافی معلومات اور ملفوظات (کارپوریٹ باڈی، کارپوریشن اور وفاقی حکومت کے نمائندہ کی صورت میں) | |
| مجاز دستخط کنندہ کا نام | |
| CNIC/پاسپورٹ نمبر (غیر ملکی کی صورت میں) مجاز دستخط کنندہ کا (نقل منسلک کی جائے) | |

### قرارداد کا ایجنڈا آئٹم نمبر 7:

کمپنی کو انٹرلوپ لمیٹڈ کا منظور شدہ شیئر کیپیٹل بڑھانے کا اختیار دینے اور دیگر درکار منظوریوں، اگر کوئی ہوں، سے مشروط، کمپنی کے میمورینڈم آف ایسوسی ایشن میں ضروری ترامیم کرنے کے لیے کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 85 کے حوالے سے خصوصی قرارداد پر غور کرنا اور اگر مناسب خیال کیا جائے تو کسی ردوبدل کے ساتھ یا بغیر اس کو منظور کرنا:

قرار طے پایا کہ کمپنی کا منظور شدہ شیئر کیپیٹل 10 روپے (دس روپے) فی کے 1,500,000,000 (ایک بلین پانچ سو ملین) آرڈینری شیئرز میں منقسم 15,000,000,000 روپے (مبلغ پندرہ بلین روپے صرف) سے بڑھا کر 10 روپے (دس روپے) فی کے 5,000,000,000 (پانچ بلین) آرڈینری شیئرز میں منقسم 50,000,000,000 (مبلغ پچاس بلین روپے صرف) کر دیا جائے اور کیا جاتا ہے۔ یہ ہر لحاظ سے کمپنی کے موجودہ آرڈینری شیئرز کے برابر ہوں گے۔

مزید قرار طے پایا کہ کمپنی کے منظور شدہ کیپیٹل میں اس اضافے کے بعد کسی بھی ایسی تبدیلیوں سے مشروط جو سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی ضرورت ہوں اور قابل اطلاق قوانین کے تحت درکار رسمی کارروائیوں/طریقہ کار کی تکمیل سے مشروط، کمپنی کے میمورینڈم آف ایسوسی ایشن (MOA) کی موجودہ شق V کو تبدیل کر دیا جائے اور بذریعہ ہذا کیا جاتا ہے۔ تبدیلی کے بعد مندرجہ ذیل شق V کو اس طرح پڑھا جائے گا؛

**میمورینڈم آف ایسوسی ایشن کی شق V :**

" کمپنی کا مجاز سرمایہ -/10 روپے (دس روپے) فی کے 5,000,000,000 (پانچ بلین) آرڈینری شیئرز میں منقسم -/50,000,000,000 روپے (مبلغ پچاس بلین روپے صرف) ہے، جس کے ساتھ ایسے ترجیحی، التوائی، کوالیفائیڈ یا خصوصی حقوق، مراعات اور شرائط منسلک ہیں، جن کا ذکر کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں کیا گیا ہے یا وہ کمپنیز ایکٹ، 2017 سے مطابقت رکھتی ہیں اور ان حقوق، مراعات اور شرائط کو اس طریقے سے مختلف، تبدیل یا منسوخ کرتی ہیں جیسا کہ کمپنیز ایکٹ، 2017 کی رو سے اجازت دی گئی ہے اور سرمائے کو بڑھانا اور/یا کم کرنا اور شیئرز کو کیپیٹل میں تقسیم کرنا، ان کی کئی لحاظ سے درجہ بندی کرنا اور شیئرز کو مربوط یا ان کی ذیلی تقسیم کرنا اور زیادہ یا کم فرق کے شیئرز جاری کرنا"۔

مزید قرار طے پایا کہ چیف ایگزیکٹو آفیسر جناب نوید فاضل اور کمپنی سیکریٹری جناب رانا علی رضا کو ایسے تمام کام، افعال، اور چیزیں کرنے، تمام قانونی کارروائیوں کی تکمیل کے لیے کوئی یا تمام ضروری اقدامات اٹھانے اور ایسی تمام دستاویزات جمع کروانے کا اختیار دیا جائے اور بذریعہ ہذا دیا جاتا ہے، جو مذکورہ بالا قرارداد پر عمل درآمد کے مقصد کے لیے ضروری یا اتفاقی ہو، اس کے علاوہ کوئی اور عمل یا قدم جو مذکورہ بالا کاموں کے لیے تائیدی اور/یا اتفاقی ہو اور مذکورہ بالا قراردادوں کا مقصد کلی طور پر حاصل کرنے کے لیے ضروری ہو۔

### قرارداد کا ایجنڈا آئٹم نمبر 8:

بورڈ آف ڈائریکٹرز کی سفارش پر، محفوظات کے استعمال سے متعلق کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کی دفعات کو کسی تبدیلی، اضافے یا احذاف کے ساتھ یا بغیر، درکار منظوریوں سے مشروط، اگر کوئی ہو، مندرجہ ذیل قرارداد پر غور اور اگر مناسب سمجھا جائے تو اس کو خصوصی قرارداد کی حیثیت سے منظور کرنا:

قرار طے پایا کہ کمپنی کے ممبرز اس بارے میں منظوری دیں اور بذریعہ ہذا دی جاتی ہے کہ کمپنی کا بورڈ آف ڈائریکٹرز یہ قرار دے کہ کسی ایسی رقم کے کسی حصے کو استعمال کرنا ضروری ہے جو فی الوقت کمپنی کے کسی محفوظ اکاؤنٹ میں ہے یا جو نفع و نقصان کھاتے میں ہے یا کسی دوسری تقسیم کے لیے دستیاب ہے اور اس رقم کو ایسے ممبرز میں تقسیم کے لیے الگ کر دیا جائے، جو اس صورت میں اس کے مستحق ہوئے کہ یہ ان میں منافع منقسمہ کی حیثیت سے تقسیم کی گئی اور اسی تناسب سے اور اس شرط کے ساتھ تقسیم کی گئی کہ یہ نقد میں تقسیم نہیں کی جائے گی بلکہ یہ کمپنی کے بونس شیئرز یا debentures کی حیثیت سے ایسے ممبرز میں مذکورہ بالا تناسب سے مکمل غیر جاری شدہ شیئرز کے لیے استعمال میں لائی گئی یا اس مقصد کے لیے ادا کی گئی اور ڈائریکٹرز اس قرارداد کو موثر بنائیں گے۔

مزید قرار طے پایا کہ جب بھی کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی طرف سے اس قسم کی قرارداد، جس کا اوپر ذکر کیا گیا ہے، منظور کی جائے گی ڈائریکٹرز، کو اس غیر تقسیم شدہ منافع، جو استعمال کیا جائے گا، کی تمام تر تخصیص اور اطلاق اور تمام الاٹمنٹس اور مکمل ادا شدہ شیئرز یا debentures اگر کوئی ہوں، جاری کرنے کا اختیار حاصل ہوگا اور وہ عام طور سے ایسے تمام افعال اور کام انجام دے گا جو اسے موثر بنانے کے لیے ضروری ہوں گے۔

مزید قرار طے پایا کہ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کو مذکورہ بالا اختیارات ملنے کے بعد کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کے موجودہ آرٹیکل 129 کو 129A اور 129B سے تبدیل کر دیا جائے اور بذریعہ ہذا تبدیل کیا جاتا ہے، اب یہ مندرجہ ذیل کی طرح پڑھا جائے گا۔

**آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کا آرٹیکل 129A:**

" کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز یہ قرار دے سکتے ہیں کہ ایسی رقم کے کسی حصے کو استعمال کرنا ضروری ہے جو فی الوقت کمپنی کے کسی محفوظ اکاؤنٹ میں ہے یا جو نفع و نقصان کھاتے میں ہے یا کسی دوسری تقسیم کے لیے دستیاب ہے اور اس رقم کو ایسے ممبرز میں تقسیم کے لیے الگ کر دیا جائے، جو اس صورت میں اس کے مستحق ہوئے کہ یہ ان میں منافع منقسمہ کی حیثیت سے تقسیم کی گئی اور اسی تناسب سے اور اس شرط کے ساتھ تقسیم کی گئی کہ یہ نقد میں تقسیم نہیں کی جائے گی بلکہ یہ کمپنی کے بونس شیئرز یا debentures کی حیثیت سے ایسے ممبرز میں مذکورہ بالا تناسب سے مکمل غیر جاری شدہ شیئرز کے لیے استعمال میں لائی گئی یا اس مقصد کے لیے ادا کی گئی اور ڈائریکٹرز اس قرارداد کو موثر بنائیں گے"۔

**آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کا آرٹیکل 129B:**

" کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی طرف سے جب بھی اس قسم کی قرارداد، جس کا اوپر ذکر کیا گیا ہے، منظور کی جائے گی ڈائریکٹرز، کو اس غیر تقسیم شدہ منافع، جو استعمال کیا جائے گا، کی تمام تر تخصیص اور اطلاق اور تمام الاٹمنٹس اور مکمل ادا شدہ شیئرز یا debentures اگر کوئی ہوں، جاری کرنے کا اختیار حاصل ہوگا اور وہ عام طور پر ایسے تمام افعال اور کام انجام دے گا جو اسے موثر بنانے کے لیے ضروری ہوں گے"۔

مزید قرار طے پایا کہ چیف ایگزیکٹو آفیسر جناب نوید فاضل اور کمپنی سیکریٹری جناب رانا علی رضا کو ایسے تمام کام، افعال، اور چیزیں کرنے، تمام قانونی کارروائیوں کی تکمیل کے لیے کوئی یا تمام ضروری اقدامات اٹھانے اور ایسی تمام دستاویزات جمع کروانے کا اختیار دیا جائے اور بذریعہ ہذا دیا جاتا ہے، جو مذکورہ بالا قرارداد پر عمل درآمد کے مقصد کے لیے ضروری یا اتفاقی ہو، اس کے علاوہ کوئی اور عمل یا قدم جو مذکورہ بالا کاموں کے لیے تائیدی اور/یا اتفاقی ہو اور مذکورہ بالا قراردادوں کا مقصد کلی طور پر حاصل کرنے کے لیے ضروری ہو۔

### قرارداد کا ایجنڈا آئٹم نمبر 9:

کمپنی کو کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن (6) 223، S.R.O 389(I)/2023 مورخہ 21 مارچ، 2023 کے ساتھ ملا کر پڑھا جائے کی مطابقت سے کمپنی کے ممبرز کو سالانہ رپورٹ (بشمول آڈٹ شدہ مالی حسابات، آڈیٹرز رپورٹ، ڈائریکٹرز کی رپورٹ، چیئرمین کی جائزہ رپورٹ) بذریعہ QR enabled کوڈ اور ویب لنک بھیجنے کے قابل بنانے کے لیے مندرجہ ذیل قرارداد پر غور کرنا اور اگر مناسب سمجھا جائے تو اس کو کسی ردوبدل، اضافے یا احذاف کے ساتھ یا بغیر خصوصی قرارداد کی حیثیت سے منظور کرنا:

قرار طے پایا کہ کمپنی، سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی طرف سے جاری کردہ S.R.O 389(I)/2023 کے مطابق سالانہ رپورٹ بشمول آڈٹ شدہ مالی حسابات، آڈیٹرز رپورٹ، ڈائریکٹرز کی رپورٹ، چیئرمین کی جائزہ رپورٹ اور اس میں شامل دیگر رپورٹس کمپنی کے ممبرز کو QR enabled کوڈ اور ویب لنک کے ذریعے ارسال کرنے کی مجاز ہو اور بذریعہ ہذا اسے یہ اختیار دیا جاتا ہے اور یہ کہ سالانہ رپورٹ CD / USB کے ذریعے بھیجنے کا طریقہ ختم کر دیا جائے۔

مزید قرار طے پایا کہ چیف ایگزیکٹو آفیسر جناب نوید فاضل اور کمپنی سیکریٹری جناب رانا علی رضا کو ایسے تمام کام، افعال، اور چیزیں کرنے، تمام قانونی کارروائیوں کی تکمیل کے لیے کوئی یا تمام ضروری اقدامات اٹھانے اور ایسی تمام دستاویزات جمع کروانے کا اختیار دیا جائے اور بذریعہ ہذا دیا جاتا ہے، جو مذکورہ بالا قرارداد پر عمل درآمد کے مقصد کے لیے ضروری یا اتفاقی ہو، اس کے علاوہ کوئی اور عمل یا قدم جو مذکورہ بالا کاموں کے لیے تائیدی اور/یا اتفاقی ہو اور مذکورہ بالا قراردادوں کا مقصد کلی طور پر حاصل کرنے کے لیے ضروری ہو۔

### قرارداد کا ایجنڈا آئٹم نمبر 10:

انٹرلوپ لمیٹڈ ایمپلائز سٹاک آپشن سکیم، (ESOS) 2016 میں ترمیم پر غور کرنا اور اگر مناسب سمجھا جائے تو مندرجہ ذیل قرارداد کو کسی تبدیلی کے ساتھ یا بغیر خصوصی قرارداد کی حیثیت سے منظور کرنا:

قرار طے پایا کہ تمام مطلوبہ منظوریوں، اگر کوئی ہوں، سے مشروط ESOS کی شق 10 میں مندرجہ ذیل نئی ذیلی شق شامل کرتے ہوئے اس میں ترمیم کی جائے اور بذریعہ ہذا یہ ترمیم کی جاتی ہے:

'10.2. مارکیٹ کی مایوس کن صورت حال کے باعث، جیسا کہ اس میں کہا گیا ہے، محفوظ بنایا جائے، اور اگر ایکسر سائز پرائس موافق اور دلکش نہ ہو تو کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کو الاٹ کرنے کے فیصلے کے دن مارکیٹ کی کلوزنگ پرائس پر تمام آپشنز کی %10- تک از سر نو قیمت مقرر کرنے کا اختیار ہوگا"۔

مزید قرار طے پایا کہ ترمیم شدہ انٹرلوپ لمیٹڈ ایمپلائز سٹاک آپشن سکیم، 2016 مذکورہ بالا ترمیم شامل کرتے ہوئے منظور کی جائے اور بذریعہ ہذا منظور کی جاتی ہے۔

مزید قرار طے پایا کہ چیف ایگزیکٹو آفیسر جناب نوید فاضل اور کمپنی سیکریٹری جناب رانا علی رضا کو ایسے تمام کام، افعال، اور چیزیں کرنے، تمام قانونی کارروائیوں کی تکمیل کے لیے کوئی یا تمام ضروری اقدامات اٹھانے اور ایسی تمام دستاویزات جمع کروانے کا اختیار دیا جائے اور بذریعہ ہذا دیا جاتا ہے، جو مذکورہ بالا قرارداد پر عمل درآمد کے مقصد کے لیے ضروری یا اتفاقی ہو، اس کے علاوہ کوئی اور عمل یا قدم جو مذکورہ بالا کاموں کے لیے تائیدی اور/یا اتفاقی ہو اور مذکورہ بالا قراردادوں کا مقصد کلی طور پر حاصل کرنے کے لیے ضروری ہو۔

### قرارداد کا ایجنڈا آئٹم نمبر 11:

مندرجہ ذیل قرارداد پر غور کرنا اور اگر مناسب سمجھا جائے تو کسی ردوبدل، اضافے یا تحریف کے ساتھ یا بغیر عام قرارداد کی حیثیت سے اسے منظور کرنا:

قرار طے پایا کہ ٹارگٹ کمپنی یعنی ٹاپ سرکل ہوزری ملز کمپنی، انکارپوریشن (ٹاپ)، یو ایس اے اور بعد میں اس کے %64 ایکوئٹی سٹیک کے حصول کے لیے، اُن شرائط وضوابط پر جن پر دونوں فریق باہمی طور پر رضامند ہوں گے، طویل المدت ایکوئٹی سرمایہ کاری کرنے کے لیے، جو ریاست ہائے متحدہ امریکہ کے قوانین کے تحت انکارپوریٹیڈ ہے، جہاں یہ رجسٹرڈ ہے، تمام قابل اطلاق ریگولیٹری اور کارپوریٹ منظوریوں، جو بھی درکار ہوں، سے مشروط کمپنی کی منظوری حاصل کی جائے اور بذریعہ ہذا یہ منظوری دی جاتی ہے۔

مزید قرار طے پایا کہ ان مقاصد کے لیے کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز، کو بشمول ان کے مندوبین/ایجنٹس اور/یا قانونی مشیر، یہ اختیار دیا جا رہا ہے کہ وہ ایسے تمام کام، افعال، اور معاملات انجام دیں اور بشمول معاہدے (معاہدوں) پر دستخط کرنے اور ان پر عمل کروانے، بشمول شیئر پرچیز ایگریمنٹس، شیئر ہولڈرز ایگریمنٹس ("ایگریمنٹس") اور کسی بھی دوسری دستاویز جو دونوں ملکوں کے قابل اطلاق قانون کے حوالے سے ان کے مخصوص فارمیٹس کے مطابق درکار ہو اور جیسا کہ ریگولیٹری حکام کی طرف سے منظوری دی گئی ہو پر دستخط اور عمل کروانے سمیت تمام ضروی اقدامات کریں، ایسی تمام قانونی کارروائیاں مکمل کریں جو مذکورہ بالا قراردادوں پر عمل درآمد کے مقصد کے لیے ضروری یا ناگزیر ہوں اور کمپنی اور اس کے شیئر ہولڈرز کے بہترین مفاد میں ہوں۔

مزید قرار طے پایا کہ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کو بشمول کمپنی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر اور ان کے مندوبین/ایجنٹس اور/یا قانونی مشیر کو مزید یہ اختیار دیا جا رہا ہے کہ وہ معاہدوں کو موثر بنانے اور/یا کمپنی کی طرف سے ان پر عمل کروانے اور فراہم کرنے کے لیے تمام ضروری یا اتفاقی امور انجام دیں اور معاہدوں کو موثر بنانے اور حصول کے لیے ضروری یا درکار کسی یا تمام دستاویزات اور سمجھوتوں کو جو دونوں ملکوں کے ریگولیٹری حکام کی ضرورت ہوں جمع یا پیش کریں اور حصول کو مکمل کریں، بشمول معاہدوں کی شرائط اور/یا ان معاہدوں میں کسی ترمیم، تبدیلی یا ردوبدل پر بات چیت کریں، بشرطیکہ یہ ترامیم، تبدیلیاں، یا ردوبدل کمپنی اور اس کے شیئر ہولڈرز کے بہترین مفاد میں ہوں۔

### قرارداد کا ایجنڈا آئٹم نمبر 12:

کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشنز 207 اور/یا 208 کے مطابق مندرجہ ذیل قرارداد پر غور اور اگر مناسب سمجھا جائے تو کسی ردوبدل کے ساتھ یا بغیر اسے خصوصی قرارداد کی حیثیت سے منظور کرنا:

قرار طے پایا کہ کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشنز 207 اور 208 کی دفعات کے مطابق، کمپنی کے ممبرز کی طرف سے منظوری دی جائے اور بذریعہ ہذا دی جاتی ہے کہ کمپنی کا بورڈ آف ڈائریکٹرز، انٹرلوپ ہولڈنگز (پرائیویٹ) لمیٹڈ (انٹرلوپ کے ایسوسی ایٹ) کی کل ملکیتی سبسڈری میسرز سوکس اینڈ سوکس (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے ساتھ مشینری، زمین اور عمارت اور دوسرے فکسڈ اثاثوں سمیت اس کا پراڈکشن پلانٹ خریدنے کے لیے تمام متعلقہ ریگولیٹری اتھارٹیز کی منظوری سے مشروط، ایک ایسیٹ پرچیز ایگریمنٹ (APA) کرے۔

مزید قرار طے پایا کہ چیف ایگزیکٹو آفیسر جناب نوید فاضل اور کمپنی سیکریٹری جناب رانا علی رضا مشترکہ طور پر اور / یا الگ الگ با اختیار ہوں اور بذریعہ ہذا انھیں یہ اختیار دیا جاتا ہے کہ وہ اثاثوں کی خریداری، تمام مطلوبہ ریگولیٹری منظوریوں کے حصول، مذکورہ بالا کے مقاصد کے حصول کے لیے قانونی مشیر (مشیروں) اور دوسرے کنسلٹنٹس کی خدمات حاصل کرنے، مطلوبہ درخواست (درخواستیں)، دیگر قانونی فارم اور تمام دوسری دستاویزات داخل کرنے جو ایس ای سی پی یا کسی دوسری اتھارٹی کے پاس جمع کرانے کی ضرورت ہو، ایسی تمام دستاویزات جمع کرانے، جن کی ضرورت ہو، اثاثوں کے حصول اور ان کی رجسٹریشن کے لیے تمام ضروری سمجھوتوں، ڈیڈز اور دستاویزات کو روبہ عمل لانے (قابل اطلاق حد تک) اور دوسرے تمام معاملات اتفاقی یا تائیدی کے لیے تمام ضروری اقدامات کریں۔

مزید قرار طے پایا کہ اگر ایس ای سی پی اور/یا کسی دوسری مجاز اتھارٹی کی طرف سے کسی غلطی، صرفِ نظر یا کوتاہی کی نشان دہی کی جائے یا ایس ای سی پی اور / یا کسی مجاز اتھارٹی کو مذکورہ بالا قرارداد (قراردادوں) میں کسی ترمیم، ردوبدل، اضافے یا احذاف کی ضرورت ہو تو چیف ایگزیکٹو اور / یا کمپنی سیکریٹری کو مشترکہ طور پر اور الگ الگ یہ اختیار حاصل ہو اور بذریعہ ہذا یہ اختیار دیا جاتا ہے کہ وہ ممبرز کی منظوری کی ضرورت کے بغیر ایسی ترمیم، تبدیلی، اضافہ یا تحریف کریں، جیسا کہ ضرورت ہو۔

### قرارداد کا ایجنڈا آئٹم نمبر 13:

کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 207 اور/یا 208 (جس حد تک بھی قابل اطلاق ہو) کے ضمن میں تعلق دار فریقوں سے لین دین / کیے جانے والے انتظامات / یا جو کیے جانے ہیں، کے حوالے سے مندرجہ ذیل قرارداد پر غور کرنا اور اگر مناسب سمجھا جائے تو کسی ردوبدل کے بغیر یا ساتھ اس کی توثیق کرنا اور منظوری دینا (جو بھی صورت ہو)۔

قرار طے پایا کہ 30 جون، 2023 کو ختم ہونے والے سال کے دوران تعلق دار فریقوں کے ساتھ کیے جانے والے لین دین کی، جیسا کہ مذکورہ مدت کے لیے کمپنی کے آڈٹ شدہ مالی حسابات کے Note 43 میں منکشف کیا گیا ہے، توثیق کی جائے اور منظوری دی جائے اور بذریعہ ہذا یہ توثیق کی جاتی ہے اور منظوری دی جاتی ہے۔

مزید قرار طے پایا کہ کمپنی 30 جون، 2024 کو ختم ہونے والے مالی سال کے دوران تعلق دار فریقوں کے ساتھ اس حد تک گڈز، کموڈیٹیز، اور میٹیریلز کی خرید و فروخت، بشمول مگر اسی حد تک محدود نہیں، خدمات کی فراہمی یا شیئر سبسکرپشن کے لیے، جسے بورڈ آف ڈائریکٹرز مناسب سمجھے اور/یا اس کی منظوری دے، انتظامات کرنے یا وقتاً فوقتاً لین دین کرنے کی مجاز ہو اور بذریعہ ہذا اسے یہ اختیار دیا جاتا ہے۔ ممبرز نے یہ بات نوٹ کی کہ مذکورہ بالا انتظامات اور لین دین میں بعض ڈائریکٹرز یا ان کی اکثریت کی دلچسپی ہوسکتی ہے۔ اس کے باوجود ممبرز، بورڈ آڈٹ کمیٹی بورڈ آف ڈائریکٹرز کی طرف سے بشمول کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 207 اور/ یا 208 کے تحت (جس حد تک بھی قابل اطلاق ہو) وقتاً فوقتاً منظور کردہ تمام تعلق دار فریقوں کے ساتھ لین دین کا جائزہ لینے کے لیے بذریعہ ہذا پیشگی اختیار اور منظوری دیتے ہیں۔

مزید قرار طے پایا کہ 30 جون، 2024 کو ختم ہونے والی مدت کے لیے تعلق دار فریق سے لین دین ممبرز کی طرف سے منظور شدہ تصور کیا جائے گا اور اگر ضرورت ہوئی تو اسے توثیق اور منظوری کے لیے اگلے سالانہ اجلاس عام میں ممبرز کے سامنے پیش کیا جائے گا۔

## انتخاب کے لیے ہدایات

1. برائے مہربانی متعلقہ خانے میں (✓) کا نشان لگاتے ہوئے اپنا ووٹ ظاہر کریں۔

2. اگر دونوں خانوں میں (✓) کا نشان لگا ہوا ہے تو آپ کے ووٹ کو "مسترد" سمجھا جائے گا۔

میں/ہم ذیل میں متعلقہ خانے میں (✓) کا نشان لگا کر ووٹ کے ذریعے اپنی/ہماری توثیق یا اختلاف کا اظہار کرتے ہوئے مذکورہ بالا قرارداد کے ضمن میں میرے/ہمارے ووٹ کا استعمال کر رہا/رہے ہیں۔

| قراردادیں | عام شیئرز کی تعداد جن کے لیے ووٹ ڈالے گئے | میں/ہم قرارداد کی منظوری دیتے ہیں | میں/ہم قراررداد سے اختلاف کرتے ہیں |
|---|---|---|---|
| قرارداد برائے ایجنڈا آئٹم نمبر 7 | | | |
| قرارداد برائے ایجنڈا آئٹم نمبر 8 | | | |
| قرارداد برائے ایجنڈا آئٹم نمبر 9 | | | |
| قرارداد برائے ایجنڈا آئٹم نمبر 10 | | | |
| قرارداد برائے ایجنڈا آئٹم نمبر 11 | | | |
| قرارداد برائے ایجنڈا آئٹم نمبر 12 | | | |
| قرارداد برائے ایجنڈا آئٹم نمبر 13 | | | |

**گزارشات:**

1. صحیح طریقے سے پُر کیا ہوا بیلٹ پیپر، الصادق پلازہ، P-157، ریلوے روڈ، فیصل آباد کے پتہ یا ای میل general.meetings@interloop.com.pk پر انٹرلوپ لمیٹڈ کے چیئرمین کو بھیجا جائے۔
2. (غیر ملکی کی صورت میں) CNIC/پاسپورٹ کی کاپی پوسٹل بیلٹ فارم کے ساتھ منسلک کی جائے۔
3. بیلٹ پیپر، جمعرات، **12 اکتوبر، 2023** کو کاروباری اوقات کے اندر چیئرمین تک پہنچ جانا چاہیئے۔ جو بیلٹ پیپر اس تاریخ کے بعد موصول ہوگا وہ ووٹنگ کے لیے قابل غور نہیں ہوگا۔
4. بیلٹ پیپر پر دستخط CNIC/ پاسپورٹ پر دستخط کے مطابق ہونے چاہیئیں (غیر ملکی کی صورت میں)۔
5. نامکمل، غیر دستخط شدہ، غیر درست، خراب حالت میں، کٹے پھٹے، مسخ شدہ، لفظ کاٹ کر دوبارہ لکھا ہوا انتخابی پیپر مسترد کر دیا جائے گا۔
6. کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 138(s) یا 139 کے مطابق کارپوریٹ باڈی، کارپوریشن یا وفاقی حکومت کے نمائندے کی صورت میں بیلٹ پیپر فارم کے ساتھ کسی مجاز فرد کی CNIC کی نقل، بورڈ قرارداد، / نمائندگی نامہ/اجازت نامہ کی ایک تصدیق شدہ کاپی لازمی ہونی چاہیئے، جیسا کہ غیر ملکی کارپوریٹ باڈی وغیرہ کی صورت میں قابل اطلاق ہے۔ تمام دستاویزات اُس قونصل جنرل سے تصدیق شدہ ہوں جس کے دائرہ اختیار میں یہ ممبر ہو۔
7. بیلٹ پیپر کمپنی کی ویب سائیٹ www.interloop-pk.com پر فراہم کر دیا گیا۔ ممبرز، ویب سائیٹ سے بیلٹ پیپر ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں یا اصل/اخبارات میں شائع شدہ بیلٹ پیپر کی فوٹو کاپی استعمال کر سکتے ہیں۔

**شیئر ہولڈر(s) کے دستخط / مجاز دستخط کنندہ** ____________ **تاریخ:** ____________ **مقام:** ____________

**(کارپوریٹ ادارے کی صورت میں برائے مہربانی کمپنی کی مہر لگائیں)**